Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

ZIYARAT · AMAAL OF FRIDAY

Evening of Friday

عصرِ جمعہ

> It has been narrated that the best hours of Friday are after the Asr namaz. Accordingly, it is recommended to repeat the following salawat 100 times each...

> روایت ہے کہ روزِ جمعہ درود پڑھنے کا بہترین وقت نمازِ عصر کے بعد ہے لہٰذا ہر ایک درود کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔۔۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَهُمْ۔

ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALI MUHAMMADIN WA'AJJIL FARAJAHUM.

O Allah, send blessings to Muhammad and the Household of Muhammad and hasten their Relief.

اے معبود! محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت فرما اور ان کے ظہور میں تعجیل عطا فرما۔

صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَمَلَآئِكَتِهٖ وَاَنْبِيَآئِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّالسَّلَامُ عَلَيْهِ وَ عَلَيْهِمْ وَعَلٰى اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

SALAWAATU ALLAAHI WAMALAA'IKATIHEE WA-ANBIYAA'IHEE WARUSULIHEE WAJAMEE'I KHALQIHEE 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALI MUHAMMADIN WAALSSALAAMU 'ALAYHI WA 'ALAYHIM WA'ALAA ARWAAHIHIM WA-AJSAADIHIM WARAHMATU ALLAAHI WABARAKAATUH.

The blessings of Allah, His angels, His prophets, His messengers, and all of His creatures be upon Muhammad and the Household of Muhammad. And peace be upon him and upon them and upon their souls and bodies. So be Allah's mercy and blessings.

خدا کی رحمت اور ملائکہ اور انبیاء و رسل اور تمام مخلوق کا درود ہو محمدؐ و آل محمدؐ پر۔ اور سلام ہو حضرت محمدؐ پر اور ان سب پر اور ان کی روحوں اور ان کے جسموں پر اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

> Imam Ja'far Sadiq (a) is reported as saying: One who repeats this salawat 10 times immediately after the Asr Prayer on Fridays will receive the blessings of the angels up to the next Friday and the very hour...

> شیخ جلیل ابن ادریسؒ سرائر میں جامع بزنطی سے نقل کرتے ہیں کہ ابو بصیر کا کہنا ہے: میں نے امام جعفر صادقؑ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ظہر و عصر کے درمیان محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجنا ستر رکعت نماز کے برابر ہے۔ جو شخص روزِ جمعہ عصر کے بعد محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات پڑھے تو اس کا ثواب اسے جن و انس کے اس دن کے اعمال کے برابر ملے گا اور وہ صلوات یہ ہے۔۔۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَآءِ الْمَرْضِيِّيْنَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِمْ وَعَلٰى اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ۔

ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALI MUHAMMADI AL-AWSIYAA'I AL-MARDIYYEENA BI-AFDALI SALAWAATIKA WABAARIK 'ALAYHIM BI-AFDALI BARAKAATIKA WAS-SALAAMU 'ALAYHIM WA'ALAA ARWAAHIHIM WA-AJSAADIHIM WARAHMATU ALLAAHI WA BARAKAATUH.

O Allah, bless Muhammad and the Household of Muhammad, the Successors and the pleased, with the best of Your blessings, and confer upon them with the best of your favors. And peace be upon them and upon their souls and bodies; and Allah's mercy and blessings be upon them.

اے معبود! محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت فرما کہ جو تیرے پسندیدہ اوصیاء ہیں اپنی بہترین رحمتوں کے ساتھ اور ان پر برکت نازل فرما اپنی بہترین برکتوں سے اور سلام ہو ان پر اور ان کی روحوں پر اور ان کے جسموں پر اور خدا کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔

Free to read, copy and share

> In al-Kafi, Shaykh Kulayni has narrated, that on Friday, say the following salawat after Namaz-e-Asr, for if one says it 7 times at that time, Almighty Allah will record for him 100,000 rewards, erase 100,000 of his evildoings, grant him 100,000 requests, and elevate him 100,000 ranks...

مؤلف کہتے ہیں: یہ صلوات مشائخِ حدیث کی کتب میں معتبر اسناد اور بہت زیادہ فضائل کے ساتھ نقل ہوئی ہے لہذا اسے ۱۰ مرتبہ یا ۷ مرتبہ پڑھیں تو افضل ہے کیوں کہ امام جعفر صادقؑ کا فرمان ہے: جو شخص جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد اپنی جگہ سے حرکت کرنے سے قبل مذکورہ بالا صلوات ۱۰ مرتبہ پڑھے تو اس جمعہ سے اگلے جمعہ کی اسی ساعت تک ملائکہ اس کے لیے فضل و رحمت طلب کرتے رہیں گے۔ مزید حضرتؑ سے یہ روایت بھی ہوئی ہے کہ روزِ جمعہ نمازِ عصر کے بعد اس صلوات کو ۷ مرتبہ پڑھو۔ اس میں شک نہیں کہ جو شخص نمازِ عصر کے بعد صلوات پڑھے تو خدا اس کو ایک لاکھ نیکی عطا کرے گا اس کی ایک لاکھ بدی مٹا دے گا۔ اس کی ایک لاکھ حاجات پوری ہوں گی اور ایک لاکھ درجہ بلند کیا جائے گا۔ مزید یہ روایت بھی ہے: جو شخص ۷ مرتبہ یہ صلوات پڑھے تو اس کے لئے تمام انسانوں کی تعداد کے برابر نیکیاں لکھی جائیں گی اور اس روز اس کا عمل مقبول ہو گا اور وہ قیامت کے دن نورانی چہرے کے ساتھ آئے گا۔۔۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدِ الْاَوْصِيَآءِ الْمَرْضِيِّيْنَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ۔

ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALI MUHAMMADI AL-AWSIYAA'I AL-MARDIYYEENA BI-AFDALI SALAWAATIKA WABAARIK 'ALAYHIM BI-AFDALI BARAKAATIKA WAS-SALAAMU 'ALAYHI WA'ALAYHIM WA RAHMATU ALLAAHI WA BARAKAATUH.

O Allah, bless Muhammad and the Household of Muhammad the Successors and the pleased with the best of Your blessings, and confer upon them with the best of your favors. And peace be upon him and them and Allah’s mercy and blessings be also upon them.

اے معبود! محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت فرما کہ جو تیرے پسندیدہ اوصیاء ہیں۔ اپنی بہترین رحمتوں کے ساتھ اور ان پر برکت نازل فرما اپنی بہترین برکتوں سے اور سلام ہو حضرت محمدؐ پر اور ان سب پر اور خدا کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔

> It is recommended to repeat the following Isteghfaar 70 times...

جو شخص عصر کے بعد ۷۰ مرتبہ استغفار پڑھے تو اس کے گناہ بخش دیے جائیں گے اور وہ استغفار یہ ہے۔۔۔

Free to read, copy and share

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ۔

ASTAGHFIRU ALLAAHA RABBEE WA-ATOOBU ILAYH.

I pray the forgiveness of Allah, my Lord, and I turn repentant to Him.

میں اللہ سے بخشش چاہتا ہوں اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں۔

> It is recommended to recite Surah Qadr (https://fzic.org/library/quran/97-qadr-5-1170) 100 times.
>
> امام موسیٰ کاظمؑ سے مروی ہے: جمعہ کے دن خدا کی ہزار نسیمِ رحمت ہیں کہ ان میں سے جس قدر چاہے اپنے کسی بندے کو عطا کرتا ہے۔ لہٰذا جو شخص روزِ جمعہ بعد از عصر ۱۰۰ مرتبہ سورۂ قدر (https://fzic.org/library/quran/97-qadr-5-1170) پڑھے تو اسے یہ ہزار رحمت دگنی کرکے عنایت کی جائے گی۔

> Recite Dua Maarefat-e-Kabeer (https://fzic.org/library/dua/maarefat-e-kabeer-2586) of Sahifa Mahdiya.
>
> صحیفہ مہدیہ کی دُعاء معرفت کبیر (https://fzic.org/library/dua/maarefat-e-kabeer-2586) پڑھیں۔

> Recite Dua-e-Ashraat (https://fzic.org/library/dua/ashraat-1243).
>
> آج کے دن دُعاء عشرات (https://fzic.org/library/dua/ashraat-1243) پڑھے۔

> It is also recommended to recite Dua-e-Semaat (https://fzic.org/library/dua/semaat-1390).
>
> روزِ جمعہ کے آخری اوقات میں قبولیتِ دعا کے وقت دُعاء سمات (https://fzic.org/library/dua/semaat-1390) پڑھیں۔

> It is recommended to recite the Salwaat Abul Hasan Isfahani (https://fzic.org/library/dua/invocation-isfahani-1270).
>
> بہتر ہے کہ اس دن صلوات درودِ اصفہانی (https://fzic.org/library/dua/invocation-isfahani-1270) پڑھے۔

> It is also recommended to recite Dua-e-Sardaab (https://fzic.org/library/dua/dua-e-sardaab-2584).
>
> بہتر ہے کہ دُعاء سرداب (https://fzic.org/library/dua/dua-e-sardaab-2584) بھی پڑھیں۔

Free to read, copy and share

Dua of Sahifa'e Alawiya to be recited at the time of Sunset Allaahumma Innee Ata-qarra-bo (https://fzic.org/library/dua/dua-at-sunset-2096)

امام علیؑ غروبِ آفتاب کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَتَقَرَّبُ (https://fzic.org/library/dua/dua-at-sunset-2096)

It is recommended to recite zikr before the sunset on Friday...

شیخ طوسیؒ فرماتے ہیں: جمعہ کے دن عصر سے غروبِ آفتاب تک قبولیتِ دعا کا وقت ہے لہذا اس وقت زیادہ سے زیادہ دعا کیا کریں۔ روایت میں ہے کہ دعا کی منظوری اور قبولیت کا خاص وقت وہ ہے جب سورج آدھا چھپا اور آدھا چمک رہا ہو۔ حضرت فاطمہؑ اسی وقت دعا کیا کرتی تھیں لہذا اس خاص وقت میں دعا کرنا بہت بہتر ہے اور مناسب ہے کہ ان قبولیت کی گھڑیوں میں رسول اللہؐ سے مروی دعا پڑھیں جو یہ ہے۔۔۔

سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَاحَنَّانُ يَامَنَّانُ يَابَدِيْعَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

SUBHAANAKA LAA ILAAHA ILLAA ANTA YAA HANNAANU YAA MANNAANU YAA BADEE'A AS-SAMAAWAATI WAL-ARDI YAA ZAA AL-JALAALI WAL-IKRAAM.

Glory be to You! There is no god save You! O All-tender! O All-bestower! O Fashioner of the heavens and the earth! O Lord of Majesty and Honor.

تو پاک ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے مہربانی کرنے والے۔ اے احسان کرنے والے۔ اے آسمانوں اور زمین کو ایجاد کرنے والے۔ اے جلالت اور بزرگی کے مالک۔

Free to read, copy and share

Friday has a relationship with Imam Mahdi (a) from several aspects. On Friday, Imam Mahdi (a) was born and on Friday, his delightful advent shall be. Hence, to expect Relief on Friday should be more intense than other days. In the Imam's (a) Ziyarat on Fridays the following statement is mentioned; 'Today is Friday, which is your day on which your advent is expected to bring about relief to the believers at your hands'. In fact, Friday has been decided as feast day just because it is the day on which Imam al-Mahdi (peace be upon him) will reappear in order to purify the entire earth from the filth of polytheism and atheism and from the dirt of acts of disobedience to Almighty Allah and from sins.

واضح رہے کہ روزِ جمعہ کئی مناسبتوں سے امام العصر(عج) کے ساتھ مربوط و منسوب ہے، پہلے یہ کہ حضرتؑ کی ولادت با سعادت اسی روز ہوئی۔ دوسرے یہ کہ آپ کا ظہور پُر نور بھی اسی دن ہو گا۔ تیسرے یہ کہ دیگر ایام کی نسبت اس دن حضرتؑ کا انتظارِ ظہور زیادہ ہوتا ہے۔ بلکہ روزِ جمعہ کے عید قرار پانے اور چار عیدوں میں شمار ہونے کی بڑی وجہ یہی ہے کہ اس روز امام العصر(عج) زمین کو کفر و شرک کی آلودگی، گناہوں کی کثافت، جابروں، منکروں اور منافقوں کے وجود سے پاک کریں گے اور کلمۂ حق بلند کرنے اور اظہارِ دین و شریعت کے باعث مومنین کے دل اس دن روشن و منور اور خوش ہوں گے۔

Be it known that Eve of Saturday (ie. night after Friday) is also similar to the Eve of Friday (Shab-e-Juma) and according to a narration those duas which are recommended to be recited on Eve of Friday can also be recited on the Eve of Saturday.

واضح ہو کہ ہفتہ کی شب بھی شبِ جمعہ کے مانند ہے اور ایک روایت کے مطابق شبِ جمعہ میں جو دعائیں پڑھی جاتی ہیں وہ ہفتہ کی رات میں بھی پڑھی جا سکتی ہیں۔

Printed from https://fzic.org/library/ziyarat/evening-of-friday-3357 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.